
© rasailojaraid.com



ادارہ



# تعارف تبصرہ کتب

**کتاب: الجھد النجیح لحل مافی مشکوٰۃ المصابیح (ج ا)**

افادات: شیخ الحدیث حضرت مولانا مغفور اللہ مدظلہ العالی مرتب: مولانا فضل غفور حقانی

ضخامت: ۶۰۲ صفحات قیمت: درج نہیں ناشر: مؤتمر المصنفین جامعہ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک

دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک کو اللہ تعالیٰ نے ابتدائے تاسیس سے ایسی نابغہ روزگار اور عبقری شخصیات کی خدمات سے نوازا ہے جن کے زہد واخلاص اور تقویٰ وتدین پر محفل قدسیاں بھی رشک کرتی ہے اور ان عظیم ہستیوں میں جامع المعقول والمنقول شیخ الحدیث حضرت مولانا مغفور اللہ صاحب دامت برکاتہم العالیہ بھی ہیں۔ جو یہاں پر دورۂ حدیث شریف میں مسلم شریف اور بخاری شریف تدریس کر رہے ہیں' اس کے علاوہ دورہ موقوف علیہ میں مشکوٰۃ المصابیح (جلد اول) عرصہ تیس سال سے پڑھا رہے ہیں۔ بحمد اللہ علمی حلقوں میں آپ کی علمی وجاہت اور تدریسی شان وشوکت مسلّم ہے اور کیوں نہ ہو آپ اپنے وقت کے علامہ مولانا خان بہادر صاحب عرف مارتونگ مولانا صاحب کے علوم کے وارث اور امین ہیں۔ آپ کو اللہ تعالیٰ نے معقولات میں بھی کافی مہارت عطا فرمائی ہے' اس لئے آپ کا انداز تدریس میں محدثانہ اور متکلمانہ وفلسفیانہ ہوتا ہے' دو سال قبل آپ کے آمالی پر مشتمل مسلم شریف کا مقدمہ منظر عام پر آیا تھا' جس کو مشتاقین نے ہاتھوں ہاتھ لیا۔ اب آپ کی تیس سالہ تدریس مشکوٰۃ شریف کا نچوڑ بعنوان الجھد النجیح کی پہلی جلد شائع ہو چکی ہے جسے آپ کے لائق وفائق فرزند مولانا فضل غفور حقانی نے بڑی محنت عرق ریزی اور جانفشانی سے مرتب کی ہے۔ موصوف مبارکباد کے مستحق ہیں کہ انہوں نے اپنے عظیم والد کے علوم ومعارف کی ترتیب وتدوین اور اشاعت کا بیڑہ اٹھایا ہے' کتاب کی چند خصوصیات درج ذیل ہیں: حضرت العلامہ مولانا مارتونگیؒ کے علمی افادات' حضرت مولانا نصیر الدین غورغشتویؒ کی مشکوٰۃ شریف پر قیمتی حاشیہ سے استفادہ' حضرت مولانا مغفور اللہ صاحب مدظلہ کی تیس سالہ تدریس علوم حدیث کا نچوڑ۔ احادیث پر اعراب اور علامات ترقیم کا اہتمام۔ احادیث کا مستند اردو ترجمہ۔ ہر حدیث میں دو مباحث بحث عموی میں اور راوی حدیث کے مختصر حالات حدیث کی وجہ تسمیہ مرتبہ حدیث فضیلت حدیث کا لب لباب اور مقصود۔ شان ورود اور مسائل مستنبطہ من الحدیث۔ جبکہ بحث خصوصی میں تشریح مفردات صرفی ونحوی تحقیق وجوہ اعراب نکات بلاغت' حدیث کا دیگر نصوص کے ساتھ تعارض کی صورت میں بہترین تطبیق اور بیان مجمل دلنشیں وضاحت۔ مسلک اہل سنت والجماعۃ کا اثبات اور فرق باطلہ پر رد۔ احکام فقہیہ میں مذہب احناف کی ترجیح وتائید اور دیگر مذاہب کی بہترین توجیہات وجوابات مسکتہ اور ادلہ پر ناقدانہ نظر وغیرہ۔___ بہرحال یہ ایک علمی شاہکار کتاب ہے جس سے علماء وفضلاء' طلبا اور مدرسین حضرات یکساں طور پر مستفید ہو سکتے ہیں' کتاب کی طباعت اعلیٰ ٹائٹل دیدہ زیب

© rasailojaraid.com